اُردو برائے جماعت دوئم

سبق ۲: حمد

سوال ۱: دنیا کس نے بنائی؟

جواب: دنیا اللہ تعالیٰ نے بنائی۔

سوال ۲: اللہ کی بنائی ہوئی پانچ چیزوں کے نام بتائیں؟

جواب: چاند۔ تارے۔ پہاڑ۔ دودھ۔ پھل۔

سبق ۳: نعت

سوال ۱: ہمارے پیارے نبیؐ کا کیا نام ہے؟

جواب: ہمارے پیارے نبیؐ کا نام حضرت محمد ﷺ ہے۔

سوال ۲: ہمارے نبیؐ کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: ہمارے نبیؐ مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔

سوال ۳: ہمارے نبیؐ کی کوئی اچھی عادت بتائیں؟

جواب: ہمارے نبیؐ ہمیشہ سچ بولتے تھے۔

سبق ۴: اچھا سلوک

سوال ۱: بوڑھی عورت کہاں رہتی تھی؟

جواب: بوڑھی عورت مکہ میں رہتی تھی۔

سوال ۲: ہمارے نبیؐ بوڑھی عورت کے گھر کیوں گئے؟

جواب: ہمارے نبیؐ بوڑھی عورت کے گھر اس لیے گئے کیونکہ وہ بیمار تھی۔

سوال ۳: آپ کو اس واقعے سے کیا سبق ملتا ہے؟

جواب: ہمیں اس واقعے سے سبق ملتا ہے کہ ہمیں سب سے اچھا سلوک کرنا چاہیے۔

Scanned with CamScanner

سبق ۵: زمزم کی کہانی

سوال ۱: حضرت اسماعیلؑ کس کے بیٹے تھے؟

جواب: حضرت اسماعیلؑ حضرت ابراہیمؑ کے بیٹے تھے۔

سوال ۲: حضرت اسماعیلؑ کس کے ساتھ سفر پر گئے؟

جواب: حضرت اسماعیلؑ اپنے والد اور والدہ کے ساتھ سفر پر گئے۔

سوال ۳: اللہ نے حضرت اسماعیلؑ کی مدد کیسے کی؟

جواب: حضرت اسماعیلؑ نے اپنی ایڑیاں زمین پر رگڑیں اچانک اُن کے پاؤں کے نیچے سے چشمہ نکل آیا۔ آپ نے پانی پیا۔ اس طرح اللہ نے آپ کی مدد کی۔

سبق ۷: قائدِ اعظمؒ

سوال ۱: قائدِ اعظمؒ کا اصل نام کیا ہے؟

جواب: قائدِ اعظمؒ کا اصل نام محمد علی جناح تھا۔

سوال ۲: پاکستان کب قائم ہوا؟

جواب: پاکستان ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو قائم ہوا۔

سوال ۳: قائدِ اعظمؒ کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: قائدِ اعظمؒ کراچی میں پیدا ہوئے۔

سوال ۴: آپ کے خیال میں پاکستان کو کیسے اچھا بنایا جا سکتا ہے؟

جواب: خوب محنت اور لگن سے پاکستان کو اچھا بنایا جا سکتا ہے۔

سوال ۵: جملے بنائیں۔

الفاظ	جملے
محنت	میں محنت سے پڑھتا ہوں۔
ذہین	میں ذہین ہوں۔
طاقتور	شیر طاقت ور جانور ہے۔

Scanned with CamScanner

سبق ۸: پیپل کے دوست

سوال ۱: پیپل کا درخت کسے یاد کر رہا تھا؟

جواب: پیپل کا درخت اپنے دوستوں کو یاد کر رہا تھا۔

سوال ۲: بچوں نے جنگل میں کیا کیا؟

جواب: بچوں نے جنگل میں پودے لگا کر ان کو پانی دیا۔

سوال ۳: درختوں کے فائدے بتائیں؟

جواب: درختوں سے ہمیں پھل ملتے ہیں۔
درختوں سے ہمیں لکڑی ملتی ہے۔
درختوں سے ہمیں سایہ ملتا ہے۔

سبق ۹: بادل

سوال ۱: مینہ برسنے کا کیا مطلب ہے؟

جواب: مینہ برسنے کا مطلب ہے بارش کا آنا۔

سوال ۲: کالے بادل آنے سے کیا ہوتا ہے؟

جواب: کالے بادل آنے سے بارش ہوتی ہے۔

سوال ۳: کوئل کے راگ سنانے سے کیا مراد ہے؟

جواب: کوئل کے راگ سنانے سے مراد کوئل کا کوکو کرنا ہے۔

سبق ۱۲: وطن کی محبت

سوال ۱: یہ واقعہ کب پیش آیا؟

جواب: یہ واقعہ پاکستان بننے کے چند دن بعد پیش آیا۔

سوال ۲: بڑھیا کے ٹکٹ کے پیسے کس نے دیے؟

جواب: بڑھیا کے ٹکٹ کے پیسے چیکر نے دیے۔

سوال ۳: اس واقعے سے کیا سبق ملتا ہے؟

جواب: اس واقعے سے ہمیں سبق ملتا ہے کہ ہمیں [illegible]

Scanned with CamScanner